www.KitaboSunnat.com

مولانا قاضی محمد سلیمان سیرت کی مشہور کتاب "رحمۃ للعالمین" کے مصنف تھے۔ وہ علم و عمل، زہد و کمال اور فضل و ورع دونوں کے جامع تھے۔ روشن دل اور دماغ تھے۔ ان کے جدید و قدیم دونوں خیالات حدِّ اعتدال پر تھے۔ عربی زبان اور علوم دین کے مبصر عام تھے۔ توراۃ و انجیل پر فاضلانہ و ناقدانہ نگاہ رکھتے تھے، غیر مسلموں سے مناظرہ کے شائق تھے۔ مگر ان کے مناظرہ کا طرز سنجیدگی، متانت اور عالمانہ وقار کے ساتھ تھا۔ مسلکاً اہلحدیث تھے۔ مگر اماموں اور مجتہدوں کی دل سے عزت اور ان کی محنتوں اور جانفشانیوں کی بھی قدر کرتے تھے وہ ندوۃ العلماء کے دیرینہ رکن تھے اور اسی وساطت سے ان سے تعارف حاصل ہوا اور تعارف نے باہم اُنس و محبت کی صورت پیدا کی۔ جب مل جاتے' دیر تک ہم ذوقی کا لطف قائم رہتا۔ جدید مناظرات و کلام اور محاسن اسلام کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو رہتی۔ اور اسی لطف میں تھوڑی دیر کے لیے ہر چیز فراموش ہو جاتی۔ ان کی مستقل تصانیف رحمۃ للعالمین اور الجمال والکمال (تفسیر سورۂ یوسف) اور سفرنامہ حجاز یادگار ہیں، مگر سب سے زیادہ مقبولیت رحمۃ للعالمین نے حاصل کی۔ لوگوں نے اس کتاب کو بڑے ذوق و شوق سے پڑھا۔ خدا رحمۃ للعالمین کے مصنف کو اپنی رحمتِ عام سے نوازے۔"(۱۴)

مولانا شاہ سلیمان پھلواروی

ہندوستان کے مشہور پرانے عالم و واعظ و خطیب مولانا شاہ سلیمان پھلواروی نے ۲۷ صفر ۵۴ ۱۳ھ / جون ۱۹۳۵ء ۷۷ سال کی عمر میں وفات پائی۔

مرحوم کے جوانی کے عہد میں تین باکمالوں کے درس کی مسندیں ہندوستان میں بچھی تھیں۔ فرنگی محل لکھنؤ میں مولانا عبدالحی صاحب، سہارن پور میں مولانا احمد علی صاحب اور دلی میں مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب کی، شاہ صاحب نے فیض کے ان تینوں سرچشموں سے فائدہ اٹھایا۔ پہلے فرنگی محل آئے اور یہاں سے فارغ ہو کر سہارن پور اور دہلی گئے۔

مرحوم وسیع النظر عالم، بذلہ سنج ادیب، خوش بیان خطیب، پُر اثر واعظ، موقع شناس مقرر، اور بڑے بڑے بزرگوں کے حلقہ سے فیض یاب تھے۔ ان کو تاریخ کا شوق اور عربی نظم و نثر کا اچھا ذوق تھا۔ وہ مذہب کے لحاظ سے وسیع المشرب تھے۔ تاہم دو باتوں میں وہ نہایت سخت تھے۔ ایک تو اعتزال کے خیالوں سے بہت برہم ہوتے تھے اور دوسرے حضرت علی مرتضیٰ اور اہل بیت کرام رضی اللہ عنہم کی محبت و تعظیم میں بے حد غلو فرماتے تھے۔

میرے ساتھ مرحوم کے گوناگوں تعلقات تھے۔ مجھے اپنے عزیز سے کم نہیں سمجھتے تھے ـــــــ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ